# THE BALOCHISTAN TOURIST GUIDES

## [illegible], 2014.

BALOCHISTAN PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIATE

THE BALOCHISTAN TOURIST GUIDES BILL, 2014 BILL NO. 16 OF 2014.

# A

# Bill

*to provide for the regulation and control of the profession of tourist guides in Balochistan.*

**Preamble.** WHEREAS it is necessary and expedient to provide for the regulation and control of the profession of tourist guides in Balochistan and for matters ancillary thereto or connected therewith;

It is hereby enacted as follows:-

**Short title, extent, application and commencement**

1. (1) This Act may be called the Balochistan Tourist Guides Act, 2014.

(2) It extends to the whole of Balochistan, except Tribal Areas.

(3) It shall apply to all those who are involved or in practice of the profession of tourist guide, wherever they may be practicing in Balochistan.

(4) It shall come into force at once.

**Definitions**

2. In this Act, unless there is any thing repugnant in the subject or context,-

(a) "Act" means the Balochistan Tourist Guides Act, 2014;

(b) "Committee" means the Tourist Guide Regulatory Committee set up under section 3 of the Act;

(c) "Government" means the Government of Balochistan;

(d) "license" means license issued under section 4 of the Act;

(e) "prescribed" means prescribed by rules;

(f) "rules" means rules made under the Act; and

(g) "tourist guide" means a person licensed as such under section 4 of the Act.

**Committee.**

3. (1) As soon as may be after the commencement of this Act, the Government shall set up a committee to be known as the Tourist Guide Regulatory Committee consisting of a Chairman and such other members as the Government may appoint.

(2) The Chairman and other members of the Committee shall hold office during the pleasure of the Government on such terms and conditions as the Government may determine.

(3) The Committee shall perform the following functions namely:-

(a) advise the Provincial Government in implementation of the provisions of this Act and the rules;

(b) assist the Government in the preparation of the code of conduct for tourist guides; and

(c) such other functions as are in consonance with provisions of this Act and which the Government may entrust to it.

**Licensing of tourist guides.**

4. (1) Any person operating or intending to operate as tourist guide shall apply to the Provincial Government on the prescribed form for grant of a licence.

(2) On receipt of an application under sub section (1) the Provincial Government may after holding the prescribed tests and on payment of the prescribed fee by the applicant issue to the applicant if he qualifies in such test a license in the prescribed form.

(3) The Provincial Government shall maintain a register in

which the names and address of all tourist guides shall be entered.

(4) The licence shall, unless earlier suspended or cancelled under section 6 remain valid for a period of three years and may be renewed after every three years in the prescribed manner on payment of prescribed fee.

**Code of conduct.** 5. The Provincial Government shall in consultation with the committee, prescribe a code of conduct for tourist guides.

**Suspension or cancellation of license.** 6. (1) The Provincial Government may, after affording a tourist guide an opportunity of showing cause against the action proposed to be taken against him, of the tourist guide if he-

(a) violates the terms and conditions of the licence; or

(b) violates the code of conduct.

(2) (a) A tourist guide aggrieved by the decision or order under sub section (1) of an officer or authority other than the Provincial Government may prefer an appeal to Provincial Government within the prescribed time and in prescribed manner and the orders of the Provincial Government in such appeal shall be final.

(b) The Provincial Government at any time of its own motion or on an application of any tourist guide aggrieved by a decision or order passed by the Provincial Government under this Act or the rules within the prescribed manner, pass such order as it think fit:

Provided that no order against a tourist guide shall be passed unless he

has been given an opportunity of showing cause against it and of being heard.

**Prohibition to act as a tourist guide.**

7. Except as otherwise provided in the Act, no person shall hold himself out or act, as a tourist guide unless he holds a license.

**Service charges of tourist guides.**

8. (1) The Provincial Government shall, from time to time by notification in the official Gazette, fix the maximum rates of charges to which a tourist guide shall be entitled for the services rendered by him.

(2) A tourist guide shall not demand from any person to whom he has rendered any service as such nay amount in excess of the maximum charges fixed under sub-section (1) for that service.

(3) The guides employed on a fixed salary on the whole time basis by any travel agency licensed under a law for the regulation and control of the profession of travel and tourist agencies shall not charge any fee from a tourist.

**Penalty and procedure.**

9. (1) Whoever----

(a) being a person to who no license has been issued; or

(b) being a person whose license has been cancelled or is for the time being suspended,

hold himself out, or acts, as a tourist guide or otherwise contravenes the provision of this Act or the rules or, being a tourist guide, contravenes the terms or conditions of the license issued to him or of a notification issued under sub-section (1) of section 8, or violates the prescribed code of conduct, shall be punishable with fine which may extend to five thousand rupees.

(2) Any Magistrate for the time being empowered to try in a

summary way the offences specified in sub-section (1) of section 260 of the Code of Criminal Procedure, 1898, may try summarily an offence punishable under this Act accordance with the provision of Chapter XXII of that Code.

(3) No court shall take cognizance of an offence punishable under this Act, except upon a complaint made in writing by or under the authority of the Provincial Government.

**Power to exempt.**

10. The Government may exempt any class of persons from the operation of all or any of the provision of this Act, subject to such conditions, if any, as it may deem fit.

**Delegation of powers.**

11. The Government may, by notification in the official Gazette, direct that all or any of its powers under this Act, shall, under such conditions, if any, as may be specified, be exercisable also---

(a) by an officer or authority subordinate to Government, or

(b) by an officer or authority subordinate to the Federal Government.

**Power to make rules.**

12. (1) The Provincial Government may, by notification in the official Gazette, make rules for carrying out the purposes of this Act.

(2) In particular, and without prejudice to the generality of the forgoing power, such rules may provide for or any of the following matters, namely: -

(a) the fee payable for the issue and renewal of a license;

(b) the form in which an application for a licence is to be made;

(c) the form of the licence;

(d) the code of conduct; and

(e) the conditions to which a license shall be subject.

**Repeal and saving.**

13. (1) The Pakistan Tourist Guides Act, 1976(Act No. XXVI of 1976) as applicable and to the extent of the Province of Balochistan, is hereby repealed.

(2) Notwithstanding the repeal of the Pakistan Tourist Guides Act, 1976 (Act No. XXVI of 1976), under sub-section (1) (hereinafter referred as the repeal Act), the rules, regulations, bye laws made or saved, orders, licenses and notifications issued, anything done, action taken, obligation, liability, penalty of punishment incurred, inquiry or proceeding commenced, person authorized, jurisdiction of powers conferred under any of the provisions of the repealed Act, if not inconsistent with the provisions of this Act, shall continue to be in force and deemed to have been done, taken, incurred, commenced, appointed, authorized, conferred, made, imposed or assessed, released or issued under this Act, until they are repealed, rescinded, withdrawn, cancelled, replaced or modified in accordance with the provisions of this Act.

**Removal of difficulties.**

14. The Government may make such provisions as may be necessary to remove any difficulty in carrying out the purposes of this Act, by a notification in the official Gazette, subject to the condition that the same shall be presented in the Provincial Assembly within a period of sixteen months from the date of its approval by the Government; and if the same is not passed by the Provincial Assembly or is not presented in the Provincial Assembly, it shall cease to have effect at the expiration of the aforesaid period.

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

After the 18th amendment in the Constitution of Pakistan, 1973, the functions and control of tourism related activities and matters are devolved to the Provincial Government, as such, to enable the Provincial Tourism Department for performing its functions, management, control, promotion and advancement of tourism and related activities in the Province of Balochistan and the matters connected therewith, the Provincial Government has to frame its own laws.

The Tourism Department has to provide tourists facilities, infrastructure to develop tourism related commercial projects and tourist information centers as well as packages to various resorts, and in this context it is necessary and expedient to provide for the regulation and control of the profession of Tourist Guides in Balochistan and for matters connected therewith or ancillary thereto.

To seek the above said objects this Bill i.e. the Balochistan Tourist Guides Bill, 2014 is being presented for consideration and approval of the honorable Assembly.

(MIR MUJEEB-UR-REHMAN MUHAMMAD HASSANI)

MINISTER FOR TOURISM

Quetta,

The 22nd April 2014

Secretary

Balochistan Provincial Assembly

# مسودہ قانون نمبر ۷

## بلوچستان میں ٹورسٹ گائیڈز (سیاحتی رہنما) کے پیشہ کو باضابطہ بنانا اور اس کا کنٹرول۔

دیباچہ — ہرگاہ یہ امر ضروری اور قرین مصلحت ہے کہ بلوچستان میں ٹورسٹ گائیڈز کے پیشہ اور اس سے متعلقہ ضمنی امور کو باضابطہ بنا کر اس کی نگرانی کے اقدامات عمل میں لائے جائیں۔

مختصر عنوان، وسعت، نفاذ اور آغاز — 1 (1) یہ مسودہ قانون بلوچستان ٹورسٹ گائیڈز بل 2014ء کہلائے گا۔

(2) یہ ماسوائے قبائلی علاقہ جات کے تمام بلوچستان میں نافذ العمل ہوگا۔

(3) یہ صوبہ بھر میں کسی بھی جگہ سیاحتی رہنمائی کے پیشہ سے وابستہ یا زیر مشق تمام افراد پر لاگو ہوگا۔

(4) یہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

تعریفات — 2 بجز اس کے کہ متن یا سیاق میں کوئی بات اس کے منافی ہو۔

(الف) ''مسودہ قانون'' سے مراد حکومت بلوچستان ٹورسٹ گائیڈز بل 2014ء ہوگا؛

(ب) ''کمیٹی'' سے مراد مسودہ قانون کی دفعہ (3) کے تحت تشکیل شدہ ٹورسٹ گائیڈز باضابطگی کمیٹی ہوگی؛

(ج) ''حکومت'' سے مراد حکومت بلوچستان ہوگی؛

(د) ''لائسنس'' سے مراد مسودہ قانون ھذا کے تحت بنائے گئے قواعد؛ اور

(ھ) ''مجوزہ'' سے مراد قواعد کے تحت مقررہ؛

(و) ''قواعد'' سے مراد مسودہ قانون ھذا کے تحت بنائے گئے قواعد؛ اور

(ض) ''ٹورسٹ گائیڈ'' سے مراد مسودہ قانون ھذا کی دفعہ (4) کے تحت ایسا فرد جسے لائسنس جاری ہوا ہو؛

کمیٹی — 3 (1) مسودہ قانون ھذا کے نفاذ کے بعد جتنا جلد ممکن ہو، حکومت ٹورسٹ گائیڈز ریگولیٹری کمیٹی کے نام سے ایک کمیٹی قائم کرے گی جو ایک چیرمین اور حکومت کے تقرر کردہ اراکین پر مشتمل ہوگی۔

(2) کمیٹی کا چیرمین اور دیگر اراکین حکومت کی تائید سے، مقررہ شرائط وضوابط کے تحت اپنے عہدوں پر فائز رہیں گے۔

(3) کمیٹی درج ذیل امور سرانجام دیگی۔

(الف) مسودہ قانون ھذا اور قواعد کو جامہ عمل پہنانے کے سلسلے میں صوبائی حکومت کو مشورہ دینا؛

(ب) ٹورسٹ گائیڈز کیلئے ضابطہ اخلاق کی تیاری میں حکومت کی مدد کرنا؛ اور

(ج) دیگر ایسے امور کی انجام دہی جو مسودہ قانون ھذا کی تصریحات سے مطابقت رکھتے ہوں اور وہ امور جو حکومت

ایسے تفویض کرے

ٹورسٹ گائیڈز کو لائسنس کا اجراء

4 (1) کوئی فرد جو بطور ٹورسٹ گائیڈز کام کر رہا ہو یا کام کرنے کا ارادہ رکھتا ہو لائسنس کے اجراء کیلئے مجوزہ فارم پر صوبائی حکومت کو درخواست پیش کریگا۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت درخواست موصول ہونے پر صوبائی حکومت مجوزہ ٹیسٹوں کے بعد اور درخواست گزار کی جانب سے مقررہ فیس کی ادائیگی پر، اس قسم کے ٹیسٹ میں کامیاب ہونے کی صورت میں مجوزہ فارم پر درخواست گزار کو لائسنس کا اجراء کریگی۔

(3) صوبائی حکومت ایک رجسٹر مرتب کرے گی جس میں تمام ٹورسٹ گائیڈز کے نام اور پتے درج ہوں گے۔

(4) لائسنس اگر ذیلی دفعہ (6) کے تحت معطل یا منسوخ نہ ہوا ہو تو تین سال کے عرصہ تک کیلئے موثر رہے گا اور مجوزہ فیس کی ادائیگی پہ ہر تین سال بعد مجوزہ طریقہ کار کے مطابق اسکی تجدید ہوگی۔

ضابطہ اخلاق

5 صوبائی حکومتکمیٹی سے مشاورت کے بعد ٹورسٹ گائیڈز کیلئے ایک ضابطہ اخلاق تشکیل دے گی۔

لائسنس کی معطلی یا منسوخی۔

6 (1) صوبائی حکومت ایک ٹورسٹ گائیڈز کو اسکے خلاف کسی مجوزہ اقدام کی صورت میں اظہار وجوہ بیان کرنے کا موقع فراہم کرے گی، اگر وہ؛

(الف) لائسنس کی شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے، یا؛

(ب) ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرتا ہے؛

(2) (الف) صوبائی حکومت کے علاوہ ذیلی دفعہ (1) کے تحت کسی آفسر یا اتھارٹی کے کسی فیصلہ یا حکم سے متاثرہ ٹورسٹ گائیڈز مجوزہ عرصہ کے دوران مجوزہ طریقہ کار کے مطابق صوبائی حکومت کو اپیل کرسکتا ہے اور اس اپیل کے حوالہ سے صوبائی حکومت کے احکامات تصور ہوں گے۔

(ب) صوبائی حکومت کسدی بھی وقت خود یا مسودہ قانون ھذا کے تحت صوبائی حکومت کی جانب سے کیے گیے کسی کیئے گیئے فیصلہ یا جاری کردہ کسی حکم سے متاثرہ کسی ٹورسٹ گائیڈز کی درخواست پر مجوزہ وقت کے اندر امور بیان کردہ طریقہ کار کے مطابق، ایسا حکم جاری کرے گی جیسا کہ وہ مناسب تصور کرے۔ تاہم کسی ٹورسٹ گائیڈز کے خلاف اس وقت تک کوئی حکم جاری نہیں کیا جائیگا جب تک کہ اسے اظہار وجوہ بیان کرنے کا مکمل موقع فراہم نہ کردیا جائے۔

بطور ٹورسٹ گائیڈز کام کرنے کی ممانعت

7۔ بجز اس کے کہ مسودہ قانون مین بیان کردہ کسی تصریح کے ماسوائے کوئی فرد اس وقت تک بطور ٹورسٹ گائیڈ کام کرسکتا ہے اور نہ برقرار رہ سکتا ہے جب تک وہ اس کا لائسنس حاصل نہ کرے۔

**ٹورسٹ گائیڈز کا خدمتی معاوضہ** 8۔ (1) صوبائی حکومت وقتاً فوقتاً سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے معاوضہ کے حوالہ سے زیادہ سے زیادہ نرخ مقرر کرے گی جو ایک ٹورسٹ گائیڈز کی اپنی فراہم کردہ خدمات کے عوض وصول کرنے کا حقدار ہوگا۔

(2) ٹورسٹ گائیڈ کسی شخص سے ایسی رقم کا مطالبہ نہیں کریگا جو اسے فراہم کردہ خدمات کے حوالہ سے ذیلی دفعہ (1) کے تحت طے شدہ نرخوں تجاوز ہو۔

(3) وہ گائیڈز جنہیں سیاحت کے پیشے سے متعلقہ ادارے کے قانون کے تحت لائسنس یافتہ کسی ٹریول ایجنسی نے کل وقتی بنیاد پر طے شدہ مشاہرہ پر ملازم رکھا ہوا ہو، وہ کسی سیاح سے کوئی فیس وصول نہیں کریں گے۔

**جرمانہ اور طریقہ کار** 9۔ (1) کوئی بھی فرد؛

(الف) جسے بطور فرد لائسنس جاری نہ کیا گیا ہو، یا؛

(ب) بطور فرد جس کا لائسنس وقتی طور پر منسوخ یا معطل ہو چکا ہو وہ خود کو ٹورسٹ گائیڈ تصور نہیں کریگا، یا ٹورسٹ گائیڈ کے طور پر کام نہیں کرے گا، یا اگر وہ مسودہ قانون ھذا کی تصریح یا قواعد کی خلاف ورزی کرتا ہے، یا بطور ٹورسٹ گائیڈ جاری شدہ لائسنس کی شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے، یا دفعہ (8) کی ذیلی دفعہ (1) کے تحت جاری کیئے گئے نوٹیفیکیشن کی خلاف ورزی کرتا ہے یا مجوزہ ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوتا ہے تو وہ جرمانہ کا سزاوار ٹھہرے گا جو پانچ ہزار روپے تک ہوسکتا ہے۔

(2) کوئی مجسٹریٹ جسے وقتی طور پر ضابطہ فوجداری مجریہ 1998ء کی دفعہ 260 کی ذیلی دفعہ (1) میں درج مخصوص جرائم کے حوالہ سے مقدمات چلانے کے اختیارات تفویض کیئے گئے ہوں، وہ مسودہ قانون ھذا کے تحت کسی قابل سزاء جرم کے حوالے سے اس ضابطہ کے باب xxii کی تصریح کے تحت مختصراً مقدمہ چلا سکتا ہے۔

(3) مسودہ قانون ھذا کے تحت کسی قابل سزا جرم کے حوالہ سے اس ضمن میں کی عدالت کا دائرہ اختیار نہیں ہوگا، ماسوائے کسی ایسی شکایت کے جو تحریری طور پر حکومت یا اس کی کسی مجاز اتھارٹی کی جانب سے پیش کی گئی ہو۔

**استثنیٰ کا اختیار** 10۔ حکومت کسی بھی فرد یا طبقہ کو مسودہ قانون ھذا کی تمام یا کسی بھی تصریح کے اطلاق سے مستثنیٰ قرار دے سکتی ہے ان شرائط پر اگر کوئی ہو، جیسا کہ حکومت مناسب تصور کرے۔

**اختیارات کی تفویض** 11۔ حکومت سرکاری جریدہ میں ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعے ہدایت کرسکتی ہے کہ مسودہ قانون ھذا کے تحت اس کے تمام اختیارات یا کوئی سا بھی اختیار متعلقہ شرائط کے تحت، اگر کوئی ہو حکومت کے ماتحت کسی افسر یا حاکم مجاز کو تفویض کرے گی۔

قواعد کی تشکیل کے اختیارات 12۔ (1) حکومت سرکاری گزٹ میں ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعے مسودہ قانون ھذا کے مقاصد پر عملدر آمد کے قواعد تشکیل دے سکتی ہے۔

(2) خصوصی طور پر مندرجہ بالا اختیارات کو بحیثیت مجموعی ضعف پہنچائے بغیر یہ قواعد درج ذیل معاملات یا ان میں سے کسی معاملہ سے متعلق ہوسکتے ہیں، جو کہ یہ ہیں۔

(الف) لائسنس کے اجراء اور اس کی تجدید کی فیس ہے؛

(ب) فارم جس پر لائسنس کے اجراء کی درخواست دی جاتی ہو؛

(ج) لائسنس کے فارم؛

(د) ضابطہ اخلاق؛ اور

(ھ) لائسنس کی شرائط؛

تنسیخ اور تحفظ 13۔ (1) پاکستان ٹورسٹ گائیڈز ایکٹ مجریہ 1976ء (ایکٹ نمبر xxvi 1976ء) جس کا اطلاق صوبہ بلوچستان میں ہوتا ہے اسے منسوخ کیا جاتا ہے۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت پاکستان ٹورسٹ گائیڈز ایکٹ مجریہ 1976ء (ایکٹ نمبر xxvi 1976ء) (جیسے مابعد منسوخ ایکٹ کے طور پر بطور حوالہ پیش کیا گیا) کی تنسیخ کے بوجود، توانین، قواعد، باقی لاز جاری کئے گئے یا منسوخ کئے گئے احکامات، اجراء کردہ لائسنس اور نوٹیفیکیشن، سارانجام دئے گئے امور، اٹھائے گئے اقدامات، فرائض، ذمہ داریاں، عائد کیا گیا جرمانہ یا سزا، شروع کی گئی تحقیقات یا کاروائی، مجاز ٹھہرایا گیا شخص، منسوخ شدہ ایکٹ کے تحت کے تفویض کردہ اختیارات کا حلقہ اثر، اتر ایکٹ کی تصریحات سے غیر ہم آہنگ نہ ہوں تو بدستور نافذ العمل رہیں گے اور انہیں ایکٹ ھذا کے تحت کیا گیا، عطاء کیا گیا، شروع کیا گیا، مجاز ٹھہرایا گیا، بنایا گیا، عائد کیا گیا، تعین کیا گیا، اجراء کیا گیا مقرر کیا جائیگا، اس وقت تک جب تک انہیں منسوخ نہیں کردیا جاتا واپس نہیں لیا جاتا، ان سے دستبردار نہیں ہوا جاتا، منسوخ نہیں کیا جاتا، تبدیل نہیں کیا جاتا یا پھر ایکٹ ھذا کی تصریحات کے مطابق ردوبدل نہیں کیا جاتا۔

مشکلات کا خاتمہ 14۔ حکومت اس قسم کی تصریحات تشکیل دے سکتی ہے جو ایکٹ ھذا کے مقاصد عمل درآمد کی راہ میں حائل رکاوٹوں کے خاتمے کے کیلئے ضروری ہو، سرکاری گزٹ میں ایک نوٹیفیکیشن کے ذریعہ، اس شرط کے ساتھ کہ اسے حکومت کی منظوری کی تاریخ سے سوا ماہ کی مدت کے اندر اندر صوبائی اسمبلی کے سامنے پیش کیا جائے گا، اگر صوبائی اسمبلی میں پیش نہ کیا گیا تو متذکرہ بالا مدت کے اختتام پر یہ غیر موثر قرار پائے گا۔

# بیان اغراض ومقاصد

آئین پاکستان مجریہ 1973ء میں 18ویں ترمیم کے بعد سیاحت سے متعلق سرگرمیوں اور امور کی نگرانی کا کام صوبائی حکومت کو تفویض کر دیا گیا ہے اس ضمن میں صوبائی محکمہ سیاحت کو اپنے امور کی انجام دہی، نظم ونسق، نگرانی کے سیاحتی سرگرمیوں کی ترقی وترویج اور ان سے متعلقہ امور کے حوالے سے اہل بنانے کے ضمن میں صوبائی حکومت کو اپنے قواعد وضوابط تشکیل دینے ہیں۔ محکمہ سیاحت کو سیاحتی سہولیات فراہم کرنا ہیں۔ سیاحتی منصوبوں سے متعلق بنیادی سہولیات تشکیل دینے ہیں اور سیاحتی اطلاعات سینٹر قائم کرنے اور مختلف تفریحی مقامات کے حوالہ سے پیکیج ترتیب دینے ہیں اور اس تناظر میں یہ ضروری اور قرین مصلحت ہے کہ بلوچستان ٹورسٹ گائیڈز کی ترقی وترویج، انہیں باضابطہ بنانے، ان پر کنٹرول اور ان سے متعلق امور اور ضمنی امور کے حوالہ سے اقدامات کئے جائیں۔ متذکرہ بالا مقاصد کے حصول کیلئے یہ مسودہ قانون یعنی بلوچستان ٹورسٹ گائیڈز مسودہ قانون 2014ء غور وحوض اور منظوری کے لئے عزت مآب اسمبلی کے سامنے پیش کیا جاتا ہے۔

کوئٹہ______مئی______2014ء

مجیب الرحمٰن محمد حسنی

(وزیر سیاحت)